Total No. of Printed Pages : 3]

03U (A)

URDU

(Composite)

Part A and B

Time : 2 Hours 15 Minutes — Maximum Marks : 60

Part - A

Time : 1 Hours 45 Minutes — Maximum Marks : 45

ہدایات: (1) پرچہ سوالات پڑھئے اور سمجھئے، سوالوں کے جواب لکھئے۔

(2) تمام سوالوں کے جواب جوابی بیاض میں لکھئے۔

I (الف) ذیل کا پیرا گراف پڑھئے اور دیئے گئے سوالات کے جواب لکھئے۔ 6 x 2 = 12

قبا میں چند دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قیام فرمایا۔ اسی اثناء میں حضرت علی ابن ابی طالبؓ بھی مکہ سے پیدل چل کر وہاں آ گئے۔ علیؓ سے مکہ والوں کے حالات تفصیل کے ساتھ معلوم ہوئے قباء کے دوران قیام میں خدا کی عبادت کے لیے مسجد تعمیر ہوئی' خود سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد بنانے میں حصہ لیا۔ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو کام کرتا دیکھ کر صحابہ کے ذوق وشوق اور عملی سرگرمیوں میں اور جان پڑ گئی۔ اس مسجد کی بنیاد تقویٰ اور نیکو کاری پر رکھی گئی تھی۔ مسجد قباء اس کی نیو میں خلوص شامل تھا۔ بے ریا سجدوں سے معمور ہونے کے لیئے یہ بنی تھی۔

یثرب میں خبر پہنچ چکی تھی کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قباء میں تشریف لا چکے ہیں۔ اور بہت جلد یثرب میں نزول اجلال فرمائیں گے۔ یثرب والوں کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی آمد کا بے حد انتظار تھا۔ وہ روز صبح سویرے بستی سے باہر آ کر ٹیلوں پر بیٹھ جاتے اور جب تک خوب دھوپ نہ پھیل جاتی' انتظار کرتے رہتے۔

(1) حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے چند دن کہاں قیام فرمایا تھا؟

(2) مکہ کے حالات سے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو کس طرح واقفیت ہوئی؟

(3) قباء میں قیام کے دوران حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا کیا؟

(4) مسجد کی بنیاد کس بنا پر رکھی گئی تھی؟

(5) یثرب میں کس بات کی خبر پہنچ چکی تھی؟

(6) یثرب والے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا کس طرح انتظار کر رہے تھے؟

II (A) مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 4 تا 6 جملوں میں لکھئے۔ ہر حصہ سے ایک سوال کا جواب لکھیں۔

2 x 5 = 10

''حصہ الف''

(7) سلطان محمد قلی قطب شاہ نے شہر کو عجیب وغریب عمارتوں کا جنگل کیوں کہا؟

(8) آج بھی گاؤں میں ایک آدمی کی موت کو گاؤں کی موت سمجھا جاتا ہے۔ کیسے وضاحت کیجئے۔

''حصہ ب''

(9) ''میں بھی منہ میں زبان رکھتا ہوں'' سے شاعر کا کیا مراد ہے۔

(10) کیفی اعظمی کے کلام کی خصوصیات تحریر کیجئے۔

(B) مندرجہ ذیل میں سے کسی دو سوالوں کے کا جواب 10 تا 12 جملوں میں لکھئے۔ 2 x 8 = 16

(11) شہروں میں چاند کو کوئی ماما نہیں کہتا۔ اس سبق کے ذریعہ مصنف کیا پیغام دینا چاہتے ہیں؟

یا

افسانہ دوسرا موسم میں ایک خاموش آواز ہے جو ہمارے دل ودماغ کو جھنجھوڑتی ہے وہ کیا ہے اپنے الفاظ میں لکھئے۔

(12) نعت کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھئے۔

یا

شاعر نے عورتوں کی کس طرح ہمت افزائی کی ہے؟ تحریر کیجئے۔

(C) ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب لکھیے۔ 1 x 7 = 7

(13) صدر مدرس کے نام ''بونا فائیڈ'' کی اجرائی کے لیے درخواست لکھیے۔

(14) پانی کی اہمیت پر پانچ نعرے لکھیے۔

03U (B)

URDU

(Composite)

Part A and B

Part - B

Time : 30 Minutes | Maximum Marks : 15

ہدایات: (1) تمام سوالوں کے جواب متعینہ جگہ میں ہی لکھیں۔

(2) Part - B پرچہ سوال کی تکمیل کے بعد Part-A کے جوابی بیاض سے منسلک کریں۔

I (A) ذیل کے محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجئے۔ 2 x 1 = 2

1. ہاتھ ملنا:- ....

2. شیر وشکر ہونا:- ....

(B) مندرجہ ذیل جملوں میں خط کشیدہ لفظ کے صحیح معنی کی نشاندہی کرکے علامت A / B / C / D کو قوسین میں لکھئے۔ 2 x 1 = 2

3. حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جبل طور پر اللہ سے ملاقات کی تھی۔ (   )

(a) دریا (b) وادی (c) پہاڑ (d) جنگل

4. اُدھر فلک کو ضد ہے بجلیاں گرانے کی۔ (   )

(a) بادل (b) آسمان (c) زمین (d) برسات

(C) ذیل کے جملوں میں سے خط کشیدہ لفظ کی مناسب ضد کی نشاندہی کرکے علامت A / B / C / D کو قوسین میں لکھئے۔ 2 x 1 =2

5. کپڑے ابھی تک گیلے ہیں۔ (   )

(a) سوکھے (b) تر (c) نئے (d) قدیم

6. ہمیشہ <u>حق</u> کا ساتھ دینا چاہیے۔ (   )

(a) سچ (b) باطل (c) عادل (d) انصاف

(D) ذیل کے جملوں میں سے خط کشیدہ الفاظ کی واحد/جمع کی نشاندہی کرکے علامت A / B / C / D کو قوسین میں لکھئے۔

2 x 1 = 2

7. 5/ستمبر کو یوم <u>اساتذہ</u> منایا جاتا ہے۔ (   )

(a) معلم (b) شاگرد (c) استاد (d) مدرس

8. برسات کا خوب صورت <u>منظر</u> نظروں کے سامنے تھا۔ (   )

(a) نظارہ (b) بارش (c) نظر (d) مناظر

II حسب ذیل سوالوں کے صحیح جواب کا انتخاب کرکے علامت A / B / C / D کو قوسین میں لکھیں۔

7 x 1 = 7

9. وہ علم جس سے اشعار کا وزن معلوم کیا جاتا ہے۔ (   )

(a) علم بیان (b) علم صرف (c) علم ہجا (d) علم عروض

10. جملہ کے ختم پر یہ علامت لگائی جاتی ہے۔ (   )

(a) سکتہ (b) وقفہ (c) رابطہ (d) خط فاصل

11. قطع بند اشعار میں بطور اشارہ لکھا جاتا ہے۔ (   )

(a) ع (b) ب (c) ق (d) ؔ

12. <u>بوٹا بوٹا</u> منہ کھولے گا <u>پتہ پتہ</u> بولے گا۔ مصرعہ میں خط کشیدہ لفظ ہیں۔ (   )

(a) مفرد لفظ (b) مترادف (c) تکرار لفظی (d) متضاد

13. شعری محاسن کو اجاگر کرنا اور اس سے لطف اندوز ہونا کہلاتا ہے۔ (   )

(a) علم بیان (b) علم صرف (c) علم نحو (d) علم ہجا

14. جب کسی لفظ پر ''الف لام'' لگایا جائے اور وہ ''الف لام'' پڑھا جائے تو کہلاتا ہے۔ ( )

(a) حروف صحیح (b) حروف شمسی (c) حروف قمری (d) حروف علت

15. مسدس میں اتنے مصرے ہوتے ہیں۔ ( )

(a) چار (b) پانچ (c) چھ (d) سات